AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 | جمعرات 21 جمادی الثانی 1445ھ 4 جنوری 2024ء 21 پوہ 2079ب | شمارہ نمبر 211

لیول پلیئنگ فیلڈ

آئی جی، چیف سیکرٹری اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب سے جواب طلب

جس کے بھی کاغذات نامزدگی مسترد ہوئے وہ اپیل کرگا، بات ختم، سردار، نواب اور پیر جیسے الفاظ اب لکھنا بند کردیں، چیف جسٹس کا لطیف کھوسہ کے نام کیساتھ سردار لکھنے پر اظہار برہمی

ہر ہائی کورٹ میں الیکشن ٹریبونل بن چکے، وہاں جائیں، بار ہا کہا عدالتیں جمہوریت اور انتخابات کیلئے ہر سیاسی جماعت کے پیچھے کھڑی ہیں، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا لطیف کھوسہ سے مکالمہ

نیب کرپشن کا سہولت کار بنا ہوا ہے: جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

ایسے لوگ بلوچستان کھا گئے، یہاں کے لوگوں کو بخش دیں، خالد لانگو کیس میں چیف جسٹس برہم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے بلوچستان کے سابق صوبائی وزیر خزانہ خالد لانگو کے عام انتخابات میں حصہ لینے کے معاملے پر دائر درخواست کو واپس لینے کی بنیاد پر خارج کردیا ہے جبکہ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ نے خالد لانگو کے عام انتخابات میں حصہ لینے کے کیس میں برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سے ایسے لوگوں کو انتخابات لڑنے سے دور رکھنا چاہیے (بقیہ نمبر 34)

نواز شریف کے کاغذات نامزدگی منظور کرنے کیخلاف دائر اپیل پر اعتراض ختم

اپیل پر نوٹسز جاری کرتے ہوئے جواب طلب، ریٹرننگ افسر بھی ذاتی حیثیت میں طلب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا ہے کہ جس کے بھی کاغذات نامزدگی مسترد ہوئے وہ اپیل کرے گا، بات ختم، آرٹیکل 204 کے تحت توہین عدالت کی درخواست دی گئی، اب ثبوت تو دیئے جائیں جبکہ سپریم کورٹ نے پی ٹی آئی کی درخواست پر آئی جی اور چیف سیکرٹری اور ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کو نوٹسز جاری کر دیئے۔ بدھ کو سپریم (بقیہ نمبر 35)

لاہور (این این آئی) ایپلٹ ٹریبونل نے مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم نواز شریف کے این اے 130 کے کاغذات نامزدگی منظور کرنے کے خلاف دائر اپیل پر ریٹرننگ آفس کا اعتراض ختم کر دیا۔ نواز شریف کے این اے 130 سے کاغذات نامزدگی منظور کرنے کے خلاف دائر اپیل پر سماعت ہوئی۔ ایپلٹ ٹریبونل کے جج رسال حسن سیدنے اپیل پر سماعت کی، ایپلٹ ٹریبونل نے اپیل (بقیہ نمبر 36)

وزیر داخلہ محسن نقوی پولیس خدمت مراکز لیاقت آباد کے دورے کے موقع پر نوجوان کے آن لائن ٹیسٹ دینے کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

پی ٹی آئی سے بلا چھن گیا

حکم امتناع واپس

الیکشن کمیشن کا فیصلہ بحال

کیا الیکشن کمیشن ہائیکورٹ کے فیصلے کے خلاف عدالت آ سکتا ہے؟ ان کی رٹ ٹھیک نہیں ہے، 26 دسمبر کو فیصلہ آیا، اس پر ابھی تک عمل نہیں کیا گیا: وکیل پی ٹی آئی کے دلائل

کیا آپ کی جانب سے کوئی توہین عدالت کیس آیا؟ پشاور ہائیکورٹ نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے کے بعد الیکشن کمیشن کی نظر ثانی اپیل پر فیصلہ محفوظ کرنے کے بعد سنا دیا

اسلام آباد (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے بلے کے انتخابی نشان کی بحالی کے خلاف الیکشن کمیشن کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے اپنا حکم امتناع واپس لے لیا۔ بدھ کو پشاور ہائیکورٹ (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی بیشن بک فاؤنڈیشن کے کردار اور کارکردگی کے حوالے سے بریفنگ لے رہے ہیں

سرتاج عزیز کو اپنے ایبٹ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر سرتاج عزیز کو اپنے ایبٹ قبرستان میں سپرد خاک (بقیہ نمبر 42)

سرتاج عزیز اپنی ذات میں ایک ادارہ تھے: مسلم لیگ (ن)

ان کی کمی پوری نہیں ہوسکتی، شہباز شریف، مریم نواز کا انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم شہباز شریف اور سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز نے سابق وزیر خزانہ سرتاج عزیز کے انتقال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرتاج عزیز اپنی ذات میں ایک ادارہ تھے، انکی کمی کبھی پوری نہیں ہو سکتی۔ پاکستان مسلم لیگ کے لئے انکی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ اپنے تعزیتی پیغام (بقیہ نمبر 43)

سرتاج عزیز کی وفات سے دل بہت رنجیدہ ہے، نواز شریف کا اظہار تعزیت

مرحوم تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن اور قوم کا اثاثہ تھے، بہت باوفا اور بااعتماد کرتے تھے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ سابق وزیر خزانہ سرتاج عزیز کی وفات پر دل بہت رنجیدہ ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں نواز شریف کا کہنا تھا کہ مرحوم تحریک پاکستان کے سرگرم کارکن اور قوم کا اثاثہ تھے، روز اول سے مسلم لیگ کے ساتھ منسلک رہے، مسلم لیگ کے بہت باوفا اور بااعتماد کرکن تھے۔ سابق وزیراعظم (بقیہ نمبر 44)

بلے کے نشان سے متعلق ہمارے موقف پر بحث ہی نہیں ہوئی، بیرسٹر علی ظفر

جج صاحب نے ڈویژن بینچ کی سماعت سے پہلے اسے ختم کر دیا: گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بیٹریر بیرسٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ ہائی کورٹ میں بلے کے نشان سے متعلق ہمارے موقف پر بحث نہیں ہوئی۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ پشاور ہائی کورٹ نے انتخابی نشان بلا بحال کر دیا تھا، عدالت نے کہا تھا کہ 9 تاریخ کو (بقیہ نمبر 38)

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری پرویز الٰہی کا کھلیم اسکین ٹیسٹ نارمل آگیا، دوبارہ جیل منتقل

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 39)

تحریک انصاف کا پشاور ہائیکورٹ کے فیصلے کیخلاف سپریم کورٹ جانیکا اعلان

بلے کا نشان بحال نہ ہوا تو ہر امیدوار آزاد لڑے گا، انڈر 19 سے الیکشن لڑیں گے تاہم میدان نہیں چھوڑیں گے

ہمیں سیاسی انتقام کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، غلط فہمی ہے کہ الیکشن کمیشن کو نہیں سنا گیا: چیئرمین بیرسٹر گوہر کی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر خان نے پشاور ہائی کورٹ کے فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ جانے کا اعلان کر دیا۔ اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیصلے کے خلاف (آج) جمعرات کو ہی سپریم کورٹ (بقیہ نمبر 42)

4 سال میں ہونیوالی تاریخی تباہی ٹھیک کرنے میں وقت لگے گا، شہباز شریف

عوام نے ووٹ سے وعدہ خلافوں اور وعدہ نبھانے والوں کا فرق کرنا ہے، صرف ن لیگ ہی مسائل حل کر سکتی ہے

صدر ن لیگ سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات، مستقبل کی سیاسی سرگرمیوں کے بارے میں مشاورت، کارکنوں کے جذبے کی تعریف

لاہور (نمائندہ خصوصی) مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم شہباز شریف سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات ہوئی ملاقات میں ملک کی مجموعی صورتحال اور انتخابی تیاریوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ پارٹی صدر شہباز شریف سے ملاقات کرنے والوں میں عبدالرحمان کانجو، رانا منوخوٹ، امانت شادی خیل اور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ شامل تھے۔ نجی رہنماؤں نے شہباز شریف کو اپنے حلقوں میں جاری انتخابی سرگرمیوں کے (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے بلوچ مظاہرین کو ہٹانے سے روک دیا

جو چیز بھی ہماری طرف آتی ہے پولیس اسے روک لیتی ہے، رات کو تنگ کرتی ہے: وکیل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بیشن پریس کلب سے بلوچ مظاہرین کو ہٹانے سے روکنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ بلوچ مظاہرین کی اسلام آباد پولیس کی جانب سے مسلسل ہراساں کیے جانے کیخلاف درخواست کی سماعت جسٹس محسن اختر کیانی نے کی، مینشنر سید علی الدین بلوچ کی جانب سے وکیل عطا اللہ کنڈی عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ دوران سماعت وکیل عطا اللہ (بقیہ نمبر 41)

سیٹ ایڈجسٹمنٹ، (ن) لیگ اور (ق) لیگ میں آئندہ دنوں میں ملاقات کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) عام انتخابات میں سیٹ ایڈجسٹمنٹ پر مسلم لیگ ن اور ق لیگ کے رہنما آئندہ دنوں میں ملاقات کر سکتے (بقیہ نمبر 46)

مریم نواز کے حلقہ این اے 119 سے کاغذات نامزدگی کی منظوری کیخلاف اپیل دائر

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز کے عام انتخابات 2024ء کے لئے لاہور (بقیہ نمبر 47)

میران شاہ، انتخابی مہم کے دوران محسن داوڑ پر نامعلوم افراد کا حملہ سابق رکن اسمبلی محفوظ رہے

اسلام آباد (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی اور بیشنر ڈیموکریٹک موومنٹ (این ڈی ایم) کے چیئرمین محسن داوڑ پر شمالی وزیرستان (بقیہ نمبر 48)

سانحہ 9 مئی، قاسم سوری سمیت تحریک انصاف کے دیگر رہنماؤں کی طلبی کا اشتہار جاری

کوئٹہ (این این آئی) پی ٹی آئی رہنماؤں کی 9 مئی واقعات کے مقدمات میں طلبی کا اشتہار جاری کر دیا گیا۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے (بقیہ نمبر 49)

تائمر لیانوالہ: استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر رحمایوں اختر خان انتخابی مہم کے دوران خطاب کر رہے ہیں

پرانے پولیسنگ سسٹم کو ختم کرکے نئے دور کے اطوار کو اپنانا چاہیے، محسن نقوی

بہتر پبلک ہینڈلنگ اور پولیسنگ سے ہی پولیس افسر کو اچھی شہرت، اچھا نام اور اچھا کیریئر ملتا ہے، پولیس افسر کو بغیر سفارش کے آئے شہری سے اچھا برتاؤ کرنا ہے

11 ماہ میں 20 ہزار سے زائد پولیس افسروں اور ملازمین کو ترقیاں دیں، 20 برس کے دوران پولیس میں اتنی ترقیاں نہیں دی گئی جتنی 11 ماہ میں ہم نے دی ہیں

پنجاب میں جرائم کی شرح میں 30 فیصد کمی، 97 فیصد شہریوں نے پولیس کارکردگی کو اطمینان بخش قرار دیا: نگران وزیراعلیٰ کا زیر تربیت اے ایس پیز سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے وزیراعلیٰ آفس میں پاکستان پولیس اکیڈمی کے 50 ویں کامن کے 34 زیر تربیت اے ایس پیز نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے زیر تربیت اے ایس پیز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پرانے پولیسنگ سسٹم کو ختم کرکے نئے دور کے اطوار کو اپنانا چاہیے۔ شہریوں سے اچھا سلوک اور بہتر پولیسنگ اچھے پولیس افسر کی پہچان ہیں اور ان پر عمل (بقیہ نمبر 61)

لاہور: سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ اوسیسٹی کمیشن وگ کے اعلیٰ افسران کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خادم حسین کی جعلی ڈگری کی بنیاد پر نااہلی درست قرار

جعلی ڈگری کا معاملہ درخواست گزار کے مرنے کیساتھ ہی ختم ہو گیا، چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے مسلم لیگ (ق) کے سابق ایم این اے خادم حسین کی جعلی ڈگری کی بنیاد پر نااہلی درست قرار دے دی۔ چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے سماعت کی۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے کہا کہ درخواست گزار کے مرنے کے بعد بہتر ہے کہ مقدمہ نہ چلائیں، جعلی ڈگری کا معاملہ درخواست گزار کے مرنے (بقیہ نمبر 50)

ادویات کی بلاتعطل فراہمی کیلئے فارما پارک بنا رہے ہیں: ڈاکٹر ندیم جان

ڈریپ فیسیلی ٹیشن ڈیسک ملک میں فارما انڈسٹری لگانے کیلئے معلومات فراہم کریگا

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر برائے قومی صحت ڈاکٹر ندیم جان نے کہا ہے کہ ادویات کی بلاتعطل فراہمی کے لئے فارما پارک بنا رہے ہیں، فارما سے متعلق قوانین، کوتہی پالیسیاں، اور ڈریپ گائیڈ لائنز کی بابت معلومات دینے کے لئے فیسیلی ٹیشن ڈیسک قائم کر دیا ہے۔ بدھ کو وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق ڈاکٹر ندیم جان نے کہا کہ فیسیلی ٹیشن ڈیسک کا مقصد فارما انڈسٹری کی (بقیہ نمبر 51)

ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کیخلاف اپیلوں پر الیکشن کمیشن، ڈی آر او آراوز سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن ٹریبونلز نے ریٹرننگ افسران کے فیصلوں کے خلاف اپیلوں پر الیکشن کمیشن، ڈی آر او اور آر او سے جواب طلب کر لیا۔ این اے 214 سے پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 53)

مقتدر اسمائیل نے نئی حکومت کے آئی ایم ایف پروگرام میں جانے کو ناگزیر قرار دیدیا

نئی حکومت کے پاس آئی ایم ایف کے پاس جانے کے سوا کوئی آپشن نہیں، سابق وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر مقتدر اسمائیل نے نئی حکومت کے آئی ایم ایف پروگرام میں جانے کو ناگزیر قرار دیدیا۔ ایک انٹرویو میں مقتدر اسمائیل نے کہا کہ نئی حکومت کے پاس آئی ایم ایف کے پاس جانے کے سوا کوئی آپشن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے پاس جانا ناگزیر ہے اگر نئی حکومت پروگرام کر لیتی ہے تو معیشت بہتری کی جانب جائے گی۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ (بقیہ نمبر 52)

ایاز صادق کی خورشید شاہ سے ملاقات

سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما سردار ایاز صادق اور سابق اپوزیشن لیڈر خورشید شاہ کی ملاقات ہوئی جس میں سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دونوں (بقیہ نمبر 54)

ایران: قاسم سلیمانی کی برسی کی تقریب میں 2 دھماکے، 70 سے زائد جاں بحق

مقبرے کی جانب جانیوالی سڑک پر رکھے گئے گیس سلنڈرز میں دھماکے ہوئے: ایرانی میڈیا

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) جنرل قاسم سلیمانی کی برسی کی تقریب کے دوران 2 بم دھماکوں میں 70 سے زائد افراد جاں بحق ہو گئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق دھماکے ایک تقریب کے دوران ہوئے جو 2020 میں بغداد میں امریکی ڈرون حملے میں مارے گئے جنرل قاسم سلیمانی کی یاد (بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد میں دھند، مزید 12 پروازیں منسوخ، دو روز میں تعداد 42 ہو گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد سمیت مختلف علاقوں میں دھند کے باعث مزید آج بھی 12 پروازیں منسوخ ہو گئیں جس کے بعد دو روز تک تعداد 42 ہو گئی۔ اطلاعات کے مطابق (بقیہ نمبر 57)

سپریم جوڈیشل کونسل: جسٹس مظاہر نے دوسرے شوکاز پر تفصیلی جواب جمع کرا دیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی نے اپنے خلاف ریفرنس کے معاملے میں سپریم جوڈیشل کونسل میں دوسرے شوکاز نوٹس پر تفصیلی جواب (بقیہ نمبر 58)

اپنی ذات کی بجائے ہمیشہ ملک و قوم کو ترجیح دی ہے: شجاعت حسین

پارٹی سربراہ سے لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان کی ملاقات، انتخابات بارے تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ چوہدری شجاعت حسین سے لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان نے ملاقات کی جس میں مجموعی سیاسی صورتحال، پارٹی امور اور آئندہ انتخابات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ ندیم پہلوان نے پارٹی سرگرمیوں کے حوالے پارٹی (بقیہ نمبر 59)

گدو پاور پلانٹ پر آنے والی فنی خرابی دور کر دی گئی

دھند کی وجہ سے 500 کے وی، 220 کے وی لائنز ٹرپ ہوئیں: این ٹی ڈی سی

لاہور (این این آئی) گدو پاور پلانٹ میں آنے والی فنی خرابی دور کر دی گئی، گدو سوچ یارڈ میں سرکٹ بریکر کو تبدیل کر دیا گیا۔ این ٹی ڈی سی کے مطابق 500 کیوی گدو سوچ یارڈ کے متاثرہ سرکٹ بریکر کی تبدیلی کا کام مکمل کر لیا گیا، تبدیلی کا کام مکمل کرنے کے لئے اضافی عملہ تعینات کیا گیا۔ این ٹی ڈی سی کا کہنا ہے کہ گدو منظور ٹرانسمیشن لائن کو بھی انرجائز کر دیا گیا (بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد: مسترد کاغذات نامزدگی پر تمام درخواستیں یکجا، جواب جمع کرانے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں الیکشن ٹریبونل کے جسٹس ارباب محمد طاہر نے کاغذات نامزدگی مسترد ہونے سے متعلق اپیلوں کی دائر تمام درخواستوں کو یکجا کر دیا۔ (بقیہ نمبر 62)

سیاسی جماعتوں کے انتخابی نشان واپس لینے سے متعلق الیکشن ایکٹ چیلنج

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیاسی جماعتوں کے انتخابی نشان واپس لینے سے متعلق الیکشن ایکٹ کے سیکشن 215 کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ الیکشن ایکٹ کے سیکشن 215 (بقیہ نمبر 63)

پاکستان میں کورونا کی نئی قسم کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا، وزارت صحت

سردیوں میں کورونا، فلو جیسی بیماریوں کے پھیلاؤ سے بچنے کیلئے ماسک کا استعمال کریں، نگران وزیر صحت کی اپیل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت صحت نے کہا ہے کہ پاکستان میں کورونا وائرس کی نئی قسم جے ون 1 کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ ترجمان کے مطابق کچھ ممالک میں کورونا کی نئی قسم جے ون 1 کا ایکسٹرنل رپورٹ ہوا ہے تاہم وزارت صحت مسلسل صورتحال کی مانیٹرنگ کر رہی ہے اس حوالے سے نگران وزیر صحت نے کہا کہ پاکستان میں ابھی تک ہے ون 1 کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے۔ (بقیہ نمبر 65)

شاہد خاقان، مفتاح اسمائیل اور محمد زبیر کے تحفظات کا علم ہے، خواجہ آصف

تینوں رہنماؤں کا احترام کرتا ہوں، سیاست بے رحم ہے، حوصلہ رکھنا چاہیے: گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ شاہد خاقان، مفتاح اسمائیل اور محمد زبیر کے تحفظات کا علم ہے۔ ایک انٹرویو میں خواجہ محمد آصف نے کہا کہ مفتاح اسمائیل، شاہد خاقان اور محمد زبیر کا احترام کرتا ہوں، سیاست بے رحم ہے، حوصلہ رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ شاہد خاقان عباسی کا نواز شریف سے رابطہ نہیں ہے، جب (بقیہ نمبر 66)

لاہور: وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم چلڈرن ہسپتال لاہور میں مریض بچے کی والدہ سے گفتگو کر رہے ہیں

اسلام آباد اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے

شدت 4.9 ریکارڈ کی گئی، لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد اور اس کے گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں، اس دوران لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیمائش کرنے والے ادارے نیشنل سیسمک نیٹ ورک کے مطابق زلزلے کی شدت 4.9 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی گہرائی 137 کلومیٹر زیر زمین تھی۔ زلزلے کا مرکز افغانستان - تاجکستان بارڈر رہا۔ زلزلے کے جھٹکے 2 بجکر 2 منٹ (بقیہ نمبر 64)

تین الیکشن کمیشن کیس، بانی پی ٹی آئی اور فواد چوہدری کیخلاف فرد جرم عائد

بانی پی ٹی آئی اور سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری کمرہ عدالت میں موجود تھے، فرد جرم کمرہ عدالت میں پڑھ کر سنائی گئی

دونوں ملزمان کا چارج شیٹ ماننے سے انکار، وازاں الیکشن کمیشن نے کیس کی مزید سماعت 16 جنوری تک ملتوی کر دی

راولپنڈی (این این آئی) توہین الیکشن کمیشن کیس میں بانی پی ٹی آئی اور سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری پر فرد جرم عائد کر دی گئی۔ بانی پاکستان تحریک انصاف اور فواد چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوئی، الیکشن کمیشن کے چار رکنی بنچ نے کیس کی سماعت کی۔ بانی پی ٹی آئی اور فواد چوہدری کمرہ عدالت میں موجود تھے، فرد جرم کمرہ عدالت میں پڑھ کر سنائی گئی۔ ملزمان نے چارج شیٹ میں لگے الزامات (بقیہ نمبر 67)

لاہور: گورنر پنجاب محمد ملیخ الرحمٰن کے ساتھ انجمن تاجران لاہور کے وفد کا وقار احمد میاں کی قیادت میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سپریم کورٹ نے لاپتہ افراد کمیشن سے تمام مقدمات کی تفصیلات مانگ لیں

سیاسی اکھاڑا نہ بنائیں، ذاتی مسئلے نہیں سنیں گے، ماضی میں جو کچھ ہوا اس کا ذمہ دار آج والوں تو نہیں ٹھہرا سکتے

ہم لوگ لاپتہ کمیشن سے مطمئن نہیں، آمنہ مسعود، اعتزاز احسن سمیت کوئی بھی کمیشن سے مطمئن نہیں: چیف جسٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے لاپتا افراد، جبری گمشدگیوں کے خلاف کیس کی براہ راست نشر سماعت کے دوران کہا ہے کہ لاپتہ افراد کیس، سیاسی اکھاڑا نہ بنائیں، ذاتی مسئلے نہیں سنیں گے، ماضی میں جو کچھ ہوا اس کا ذمہ دار (بقیہ نمبر 55)

وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی پاکستان پولیس اکیڈمی کے 50 ویں کامن کے زیر تربیت اے ایس پیز کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ مسافت لاہور
DAILY MASAFAT LAHORE
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
ایڈیٹر مسز راحت آراء

وزیراعظم کا کڑکا دوٹوک موقف

اسلام آباد میں جو بلوچ خاندان اس وقت احتجاج کر رہے ہیں ان کے بارے میں سوموار کو نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے لاہور میں کاروباری سہولت مرکز کے دورے کے دوران بہت کھل کر بات چیت کی۔ انھوں نے کہا کہ احتجاج کرنے والے بلوچ خاندانوں کے معاملے کو غلط رنگ دیا جا رہا ہے، ریاست کی لڑائی بلوچوں سے نہیں بلکہ دہشت گرد تنظیموں سے ہے، دہشت گردی کی نئی لہر کا پوری طاقت سے مقابلہ کیا جا رہا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے نگران وزیراعظم نے کہا کہ افسوس کا مقام ہے کہ بلوچ خاندانوں کے معاملے کو حقائق کے برعکس پیش کیا جا رہا ہے کیونکہ بلوچ تو ریاست پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ بلوچستان کے لوگوں کے حق میں دہشت گرد اور مسلح عسکریت پسند ملوث ہیں جو ڈاکٹروں، وکلا اور اساتذہ کو مار رہے تھے۔ ریاست ان دہشت گردوں کے ساتھ پوری طاقت سے لڑے گی کیونکہ انھیں لوگوں کو مارنے کا لائسنس نہیں دیا جا سکتا۔ ان کا کہنا تھا کہ احتجاج سب کا ا? ئینی حق ہے لیکن یہ احتجاج قانون کے دائرے میں رہ کر ہونا چاہیے۔ رپورٹ پی این پی کے مطابق انوار الحق کاکڑ نے اس موقع پر دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ یہ دہشت گرد بھارت کے خفیہ ادارے ریسرچ اینڈ انٹیلیسنس ونگ (را) سے پیسے اور فنڈنگ لے رہے تھے اور صوبے میں لوگوں کو قتل کر رہے تھے۔ بلوچستان میں علیحدگی پسندوں سے کوئی سوال کریں تو وہ گولی مار دیتے ہیں، جو سمجھتے ہیں قتل جائز ہے تو وہ قانون بنا لیں، جس کو دیکھو وہ ہمدرد بنا پھرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ احتجاج کی آ?ڑ میں دہشت گردوں کو سپورٹ کرنے والوں کو قبول نہیں کریں گے، 9 مئی کو احتجاج کرنے والوں کا بھی یہی ایٹوٹھاوہ قانون کے دائرے سے باہر ا? گئے تھے۔ مجھے خوشی ہوئی کہ پنجاب کے لوگوں کو بلوچستان کے لوگوں سے ہمدردی ہے، یہ علیحدگی پسند ہزاروں لوگوں کو مار چکے ہیں، یہ لوگ دہشت گردی کو جدوجہد کہتے ہیں، جن لوگوں نے حمایت کرنی ہے وہ ان مسلح تنظیموں کا کیمپ جوائن کریں۔ خفیہ پروپیگنڈا کرنے والوں کی طرف سے پھیلائی گئی افواہوں کا جواب دیتے ہوئے نگران وزیراعظم نے اپنے خطاب کے دوران یہ بھی واضح کر دیا کہ نہ یہ 71 حلا ہے نہ ہی بنگلہ دیش بنے گا۔ یہ لوگ بھارت سے پیسہ لے کر قتل کرتے ہیں، 98 فیصد بلوچ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، ایک ماحول بنا دیا ہے کہ وزیراعظم بلوچستان کے لوگوں کی بات نہیں سن رہے ہیں، ڈھٹائی کے ساتھ گفتگو کرنے سے مسائل کا حل نہیں نکلے گا۔ مسلح تنظیمیں ملک توڑنا چاہتی ہیں، یہ ریاست اور مسلح تنظیموں کے درمیان جھگڑا ہے، یہ تنظیمیں بھارت کی فنڈنگ سے چل رہی ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جب منصب سے ہٹوں گا تو پھر کھل کر بات کروں گا۔ مجھے طعنے ندیں کہ بلوچ پارلیمنٹ کے ممبر ہیں، میرا بلوچوں سے 3 نسلوں کا تعلق ہے، لاپتا افراد کے لواحقین پہلے بھی احتجاج کرتے رہے ہیں، ا? ندہ بھی کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ احتجاج کرنے والوں کے ساتھ پولیس کی جھڑپ کو غزہ سے جوڑا جا رہا ہے، ا? زادی رائے سب کا حق ہے سوشل میڈیا پر پابندی نہیں ہونی چاہیے، میں نگران وزیراعظم ہوں تو جانے والا ہوں، میرا مینڈیٹ نہیں کہ سوشل میڈیا پر تنقید کرنے والوں کو جواب دوں، وزیراعظم بلوچستان سے ہے تو مجھ پر انگلیاں اٹھ رہی ہیں۔ اپنے خطاب کے دوران انوار الحق کاکڑ نے جو کچھ کہا وہ حقیقت پر مبنی ہے اور اس کے ثبوت پاکستان کئی بار مہیا کر چکا ہے۔

2023 پی ٹی آئی ضلع گجرات کے سابق ممبرانِ قومی وصوبائی اسمبلی مرکزی صوبائی عہدیداران ومبران پر بھاری

سرائے عالمگیر (نامہ نگار) 2023ء پی ٹی آئی ضلع گجرات کے سابق ممبران قومی وصوبائی اسمبلی مرکزی صوبائی ضلعی عہدیداران ومبران پر بھاری رہا سلم لیگ ن بیلٹ پارٹی کے لئے اچھا رہا 2023 سال ضلع گجرات سے تعلق رکھنے والے سابق ممبران قومی وصوبائی اسمبلی وتحصیل عہدیداران مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سمیت دسروں کے لیے 9 مئی کے بعد بھاری گذرا جبکہ پی ٹی آئی کے سابق ممبران قومی وصوبائی اسمبلی پریس کانفرنس کے ذریعے پی ٹی آئی چھوڑنے کا اعلان بھی کرتا پڑا دوسری طرف مسلم لیگ ن پی پی پی مسلم لیگ ق کے ممبران اسمبلی شیروں کیلئے اچھا رہا اور ضلع گجرات میں ریکارڈ توڑ تبدیلی کا کام کروائے گئے

ضلع گجرات میں پولیو مہم 8 جنوری تا 12 جنوری تک چلائی جائے گی، ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک

(نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر صفدر حسین ورک نے کہا کہ ضلع گجرات میں پولیو مہم 8 جنوری تا 12 جنوری تک چلائی جائے گی، جبکہ 11 اور 12 جنوری دو دن فالو اپ مہم ہوگی، اس سلسلہ میں تمام تر تیاریوں کو حتمی شکل دے دی گئی، مہم کے دوران 5 سال تک عمر کے 4 لاکھ 96 ہزار 555 بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے، بچوں کو ڈائمن اے کے کیپسول بھی دیئے جائیں گے، اسہاد پولیو کو کامیاب بنانے کے لئے مائیکرو پلان تشکیل دیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسہاد پولیو مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل افضل حیات تارڑ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ذاکر علی رانا، ڈی ایچ او ڈاکٹر فخور حسین شاہ، ڈی، ایم ایس عزیز بھٹی شہید ہسپتال، ڈی او پاپولیشن عمر فاروق، نمائندہ ڈبلیو ایچ او ڈاکٹر صدف، چیف افسران میونسپل کمیٹیز اس موقع پر موجود تھے

خشک سردی میں اضافہ سے نزلہ زکام کھانسی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا

کمالیہ (نامہ نگار) خشک سردی میں اضافہ سے نزلہ زکام کھانسی کے مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہونے لگا تفصیل کے مطابق گزشتہ چند روز سے کمالیہ شہر اور اس کے گردونواح میں شدید سردی کی لہر جاری ہے خشک سردی کیوجہ سے نزلہ زکام اور کھانسی کی بیماری میں اضافہ ہو رہا ہے۔ خشک سردی میں اضافے کے ساتھ ہی ناک، کان، گلے کی بیماریوں میں بھی اضافہ ہونے لگا خشک سردی کی وجہ سے گلے کی خرابی، نزلہ، زکام، کھانسی کے ساتھ بخار کی علامات ظاہر ہونے پر سرکاری ہسپتالوں سمیت مختلف مقامات پر ڈاکٹروں کے نجی کلینکوں پر مریضوں کا رش لگ گیا۔ سردی کی شدت میں اضافے سے مارکیٹوں میں لوگوں کی تعداد بہت کم ہو گئی، جس سے کاروبار زندگی بھی شدید متاثر ہوا ہے

نامعلوم افراد گھر میں گھس کر لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری کر کے فرار مقدمہ درج

کمالیہ (نامہ نگار) نامعلوم افراد گھر میں گھس کر لاکھوں روپے مالیت کا سامان چوری کر کے فرار مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق محمد عرفان نے تھانہ سٹی کمالیہ میں تحریری درخواست دیتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ان کی گھر پر غیر موجودگی میں نامعلوم ملزمان دیوار پھلانگ کر گھر میں گھسے اور کمروں کے تالے توڑ کر نقدی، سونا، ایل ای ڈی، گھڑیاں اور گیزر کے علاوہ دیگر پکل ملیت دس لاکھ اکسٹھ ہزار روپے چوری کر کے لے گئے جس پر محمد عرفان کی درخواست پر تھانہ سٹی کمالیہ میں مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔

جھنگ کی سیاست میں اصف معاویہ سیال نیسیاسی جمود کو توڑ دیا ہے، سردار محمد عارف خان

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر) لگی راہنما ضلعی جوائنٹ سیکرٹری مسلم لیگ) ن (سردار محمد عارف خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جھنگ کی سیاست میں اصف معاویہ سیال نیسیاسی جمود کو توڑ دیا ہے ۔ وڈیروں اور لنگ سیکرز کی نندیں حرام ہو گئی ہیں ۔ اصف معاویہ سیال غریب عوام کیلئے تازہ ہوا کا جھونکا ہیں ۔ انشاللہ اصف معاویہ سیال کا پورا بینل کامیاب ہو کر لوگوں کے مسائل حل کرے گا ۔ انشاللہ ملک میں اگلی حکومت مسلم لیگ) ن (کی ہو گی ۔ اور ملک پھر سے نواز شریف کی قیادت میں ترقی کی جانب گامزن ہو گا ۔ انہوں نے عوام سے مطالبہ کیا کہ وہ مسلم لیگ) ن (کے امیدواروں کو ووٹ دے کر کامیاب کریں

شہری کی درخواست پر انکوائری شروع

اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نے مورخہ 2 جنوری 2024 کو بمعہ ریکارڈ طلب کیا

جھنگ (جھنگ بیورو چیف اجمل حسین خان) شہری کی درخواست پر انکوائری شروع۔ سابق MS ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اسفندیار ۔ سابق پرچیز آفیسر حافظ امجد ریاض ۔ آڈٹ آفیسر شبر عباس نول کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نے مورخہ 2 جنوری 2024 کو بمعہ ریکارڈ طلب کیا مگر کوئی بھی حاضر نہ ہو ذرائع جھنگ)جاوید اعوان سے (جھنگ ۔شہری کی درخواست پر انکوائری شروع۔ سابق MS ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر اسفندیار ۔ سابق پرچیز آفیسر حافظ امجد ریاض ۔ آڈٹ آفیسر شبر عباس نول کو اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن نے مورخہ 2 جنوری 2024 کو بمعہ ریکارڈ طلب کیا مگر کوئی بھی حاضر نہ ہوتعلیمات کے مطابق شہری نے ڈسٹرک ہیڈکوارٹر ہسپتال میں 10 کروڑ کی مالی کرپشن اقربا پروری اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے کے خلاف ڈائریکٹر جنرل نیب پاکستان پنجاب کو ایک درخواست گزاری جو کہ انہوں نے انکوائری کے لیے ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کو ریفر کر دی ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب نے درخواست برائے انکوائری ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل اباد ریجن فیصل اباد کو ریفر کر دی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل اباد ریجن فیصل اباد نے ساحت کے لیے درخواست اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن جھنگ کو برائے ساحت ارسال کر دی اس ضمن میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن جھنگ نے بذریعہ کمن مدعی درخواست اور سابق ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپٹل جھنگ ڈاکٹر اسفندیار اور پرچیز افسر حافظ امجد ریاض اڈٹ افسر شبر عباس نول کو ریکارڈ سمیت دو جنوری 2024 کو ریکارڈ سمیت طلب کر لیا مگر مذکورہ افسران مقررکی گئی پیشی پر حاضر نہ ائے اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن دوبارہ پیشی کے لیے سمن کریں گے

جہلم پولیس کا منشیات فروش ملزمان کے خلاف کریک ڈان جاری

منشیات فروش ملزم سمیت شراب سپلائر ملزم گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد

جہلم) بیورو چیف مرزا فاران بیگ) جہلم پولیس کا منشیات فروش ملزمان کے خلاف کریک ڈان جاری تفصیلات کے مطابق منشیات فروش ملزم سمیت شراب سپلائر ملزم گرفتار کر کے چرس اور شراب برآمد کر لی گئی ،سول لائینز پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم شاہد محمود کو گرفتار کر لیا ملزم سے 560 گرام چرس برآمد، جبکہ صدر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عاقب محمود کو گرفتار کر لیا ملزم سے 10 لیٹر شراب برآمد کر لی گئی ،ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا کہنا تھا کہ منشیات فروش معاشرے کا ناسور ہیں جن کے خلاف بھر پور کریک ڈان جاری ہے

پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈان جاری

چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار کر کے چوری شدہ مال برآمد کر لیا گیا

جہلم) ڈپٹی بیورو چیف شیق حسین) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈان جاری تفصیلات کے مطابق چوری کے مقدمہ میں ملوث ملزم گرفتار کر کے چوری شدہ مال برآمد کر لیا گیا ،صدر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عرفان کو گرفتار کر لیا ملزم نے دوکان سے کاسمیٹکس کا سامان مالیتی 01 لاکھ 25 ہزار دوکان کا تالہ توڑ کر چوری کر لیا ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کا کہنا تھا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور کریک ڈان جاری ہے۔

ملک بھر میں بجلی کا بحران مزید شدت اختیار کر گیا لاہور

گڈو پاور پلانٹ سسٹم میں فنی خرابی

فاروق آباد(دقاص زاہد) ملک بھر میں بجلی کا بحران مزید شدت اختیار کر گیا لاہور : گڈو پاور پلانٹ سسٹم میں فنی خرابی ہونے کے باعث ملک بھر میں بجلی کا بحران مزید شدت اختیار کر گیا۔ تفصیلات کے مطابق گڈو پاور پلانٹ سسٹم میں فنی خرابی ایک روز بعد بھی دور نہ ہو سکی، ذرائع این ٹی ڈی سی نے بتایا ہے کہ ملک بھر میں بجلی کا بحران مزید شدت اختیار کر گیا ہے۔ جس کے باعث لسکو سمیت تمام ڈسٹری بیوشن کمپنیوں میں بجلی گھنٹوں کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ شروع کر دی گئی ہے۔ لسکو میں ہر گھنٹے بعد ایک گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ہو رہی ہے اور لسکو ہیڈ کوارٹر سے ملحقہ علاقوں میں 10 گھنٹے کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کی جا رہی ہے۔ لسکو کے ترجمان کے مطابق گڈو پاور پلانٹ سسٹم میں فنی خرابی کا مسئلہ ابھی تک حل نہیں ہو سکا۔ ترجمان پاور ڈویژن کے مطابق گڈو کیفر یب این ٹی ڈی سی کی ٹرانسمیشن لائنز ٹرپ کر گئیں تھیں۔ شدید دھند کے باعث این ٹی ڈی سی کی دو سپیں اور پانچ سو پچاس کے وی کی لائنوں کو نقصان پہنچا جبکہ پاور ڈویژن ٹرپنگ سے پانچ سو کے وی کے سرکٹ بریکر کو بھی نقصان پہنچا

پریس کلب شیخوپورہ کے سابق انفارمیشن سیکرٹری ونجی چینل کے ڈسٹرکٹ انچارج غلام عباس گل کے کزن چوہدری محمد رمضان گل مختصر علالت کے بعد قضائے الٰہی سے وفات کر گئے

شیخوپورہ (نعمان بیگ سے) پریس کلب شیخوپورہ کے سابق انفارمیشن سیکرٹری ونجی چینل کے ڈسٹرکٹ انچارج غلام عباس گل کے کزن چوہدری محمد رمضان گل مختصر علالت کے بعد قضائے الٰہی سے وفات کر گئے جنھیں سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں نماز جنازہ کے بعد اراکے اراضی قصبہ بیڈ بلوکی کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں سابق ممبران قومی وصوبائی اسمبلی سمیت صحافیوں اور سرکاری آفسران کے علاوہ اہلے عزیز واقارب نے شرکت کی اور انکے ایصال ثواب کے لیے دعا کی۔ مرحوم کی رسم قل آج مورخہ 3 جنوری 2024 بروز بدھ بمقام بشاں والا بازار کے قریب الٰہی رہائش گاہ واقع گاؤں بیڈ بلوکی میں صبح 8 بجے ادا کی جائے گی تمام دوست احباب سے شرکت کی اپیل ہے

پریس کلب مصطفیٰ آباد کے سالانہ انتخابات میں نئے عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) پریس کلب مصطفیٰ آباد کے سالانہ انتخابات میں نئے عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا۔ محمد عمران سلطی 14 ویں بار صدر پریس کلب، سہیل قمر سندھو 29 ویں بار جنرل سیکرٹری منتخب، ملک محمد اقبال کا بطور چیئرمین پریس کونسل کا انتخاب کیا گیا، تفصیلات کے مطابق پریس کلب مصطفیٰ آباد لیمانی)رجسٹرڈ (کے نومنتخب عہدیداران کا اعلان کر دیا گیا، جس میں محمد عمران سلطی مسلسل 14 ویں بار بلا مقابلہ صدر، سہیل قمر سندھو مسلسل 29 ویں بار بلا مقابلہ جنرل سیکرٹری، ملک محمد اقبال چیئرمین پریس کونسل منتخب ہو گئے، جبکہ اس سے قبل ڈاکٹر اصغر علی شہزاد بلا مقابلہ سرپرست اعلیٰ، مہر علی مہران بلا مقابلہ سینئر نائب صدر، شاہد عمر عباسی صدر، محمد طاہر میو سینئر وائس چیئرمین، ارشد علی جوئیہ وائس چیئرمین، مہر اوطی ایڈووکیٹ ایڈیشنل جنرل سیکرٹری، محمد جمیل رحمانی جوائنٹ سیکرٹری، عمر شاہین خانس سیکرٹری، ناصر سندھو سیکرٹری نشر و اشاعت، مہر صداقت آفس سیکرٹری، احمد جمال ایڈووکیٹ میڈیا ایڈوائزر منتخب ہو چکے تھے، جبکہ سالانہ الیکشن میں عہدیات میں چیئرمین منتخب ہوئے تھے، سالانہ الیکشن میں صدر، جنرل سیکرٹری، چیئرمین سپریم کونسل کی سیٹ پر کاغذات جمع نہ ہونے کی وجہ سے فیصلہ نہیں ہوا تھا، تین عہدیداران کا اعلان الیکشن تھارٹی کی طرف سے منعقدہ اجلاس میں باہمی مشاورت سے کیا گیا، صدر پریس کلب کی سیٹ پر ڈاکٹر اصغر علی شہزاد اور مہر عبدالقیوم نے اپنے کاغذات واپس لے لئے۔ سینئر نائب صدر کی سیٹ پر سینئر محمد حسین، نائب صدر دوئم کی سیٹ پر زرار علی خاں نے اپنے اپنے کاغذات واپس لے لئے تھے۔ نائب صدر دوئم کی سیٹ پر الیکشن کا اعلان آئندہ اجلاس میں باہمی مشاورت سے کیا جائے گا۔ 2023 کے آخری اجلاس میں یونین آف جرنلسٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی تنظیموں کو ختم کر دیا گیا تھا

قصور کے گردونواح میں پولیس کی کریمینلز کے خلاف دو مختلف کاروائیوں میں دوڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

قصور (ڈسٹرک رپورٹر محمد انیس) قصور کے گردونواح میں پولیس کی کریمنلز کے خلاف دو مختلف کاروائیوں میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار جبکہ ایک ملزم رنگے ہاتھوں مال مسروقہ سمیت برآمد۔ ڈی پی او قصور کی پولیس کو شاباش۔ قصور کے نواح چونیاں کے علاقے میں سدھرا روڈ پر پولیس اور ڈاکوں کا آمنا سامنا شدید فائرنگ کا تبادلہ دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار ملزمان میں مبارک علی اور عابد شامل ہیں جو ڈکیتی کر کے فرار ہو رہے تھے مضروب ملزمان سے چھینے ہوئے 60 ہزار روپے، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے ملزمان کے دو ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے سٹی پولیس نے فرار ملزمان کی تلاش کیلئے ناکہ بندی اور سرچ آپریشن شروع کر دیا مبارک اور عابد نامی ملزمان ریکارڈ یافتہ ڈاکو ہیں جو ضلعی پولیس کو مختلف مقدمات میں مطلوب تھے جبکہ تھانہ سٹی اے ڈویژن پولیس نے ایس ایچ او افتخار جوئیہ کی سربراہی میں مہم کے دوران منڈی قصور سے ملزم سلیم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے چوری شدہ 5 موٹر سائیکلیں برامد کر لیں، ڈی ایس پی سٹی سرکل قصور اور ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو نے پوری ٹیم کو شاباش دی ہے

دعا بیوٹی سیلون اینڈ ٹریننگ سینٹر جمیل ٹان میں نیا سال 2024 کی خوشی میں شہر بھر کی بیوٹیشن کے اعزاز میں گیٹ ٹو گیدر کیک کاٹنے کی تقریب کا انعقاد کیا

شیخوپورہ (ڈویژن بیورو چیف) دعا بیوٹی سیلون اینڈ ٹریننگ سینٹر جمیل ٹان میں نیا سال 2024 کی خوشی میں شہر بھر کی بیوٹیشن کے اعزاز میں گیٹ ٹو گیدر کیک کاٹنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی امید وار پی پی 144 مہاج اقتران کے ڈاکٹر محمد اسحاق، حکیم سید شبیر حسین شاہ مشہدی، حرا کاسمیٹکس کچہلی کے سی ای او محمد شہباز بھٹی اور معروف بیوٹیشن میڈم ثمیر ینہ صابر تھیں پروگرام کے آرگنائزر پی ایڈ بی کاسمیٹکس سٹیر کیر کمیٹی کے صاحبزادہ عظیم اور معروف بیوٹیشن دعا بیوٹی سیلون کی اور میڈم گیدیہ گوثر تھی، تقریب کے اس موقع پر میڈم ماہی، میڈم حبیبہ، میڈم نورین، میڈم نمرہ، میڈم زیبا، ماہا میک اپ آرٹس کی اور میڈم ماہا میڈم عابدہ پروین، میڈم طیبہ، کیمرا فاطمہ، میڈم رضیہ یونیک سیلون کی اور میڈم طیبہ، کیمرا ارشد، میڈم کرن ارشد، میڈم سدرہ شاہد، میڈم مبینہ عدنان، میڈم عطیہ، کیمرا یاکمن آف کوٹ عبدالمالک، کے علاہ شہر بھر کی بیوٹیشن نے بھرپور شرکت کی، مٹھائی سے خطاب کرتے ہوئے عظیم حکیم، گیدیہ گوثر، اور شہباز بھٹی نے تمام بیوٹیشن کو نیا سال 2024 کی مبارک دیتے ہوئے کہا کہ اللہ پاک نیا سال ہم سب کی زندگی میں لاکھوں خوشیاں لائے خاص طور انہوں نے بیوٹیشن کے حوالے سے کہا کہ ہم سب کو چاہیے کہ آج کے دن ہر ضرور عہد کرے کہ شیخوپورہ میں تمام بیوٹیشن مل جل کر رہیں گی اور ایک دوسرے کی بہتری کے لیے اپنا اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی ایک سوال کے جواب میں انھوں نے کہا کہ انشاللہ ہم بیوٹیشن کی بہتری کے لیے کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے جہاں بھی غریب اور حق دار بیوٹیشن خواتین ہوگی ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی تاکہ معاشرے میں اپنا بیوٹی پارلر بنا کر اپنے والدین اور بہن بھائیوں کا سہارا بن سکے اور باعزت روزگار کما سکیں، آخر میں ملکی سلامتی اور ترقی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

صحافیوں کو افراتفری اور انتشار پھیلانے والی خبروں سے گریز کرنا چاہیے بغیر تصدیق کے خبر لگانے سے ملک وقوم کو نقصان پہنچتا ھے

نوشہرہ (ورکاں تحصیل رپورٹر) صحافیوں کو افراتفری اور انتشار پھیلانے والی خبروں سے گریز کرنا چاہیے بغیر تصدیق کے خبر لگانے سے ملک وقوم کو نقصان پہنچتا ھے غیر جانبدارانہ اور صاف شفاف صحافت کرنے سے صحافی کی عزت میں اور ملک وقوم کے وقار میں اضافہ ہوتا ھے ہمیشہ حقائق کو سامنے رکھ کر خبریں شائع کریں ان خیالات کا اظہار سینئر صحافی صدر نوشہرہ ورکاں تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری محمد امین گورایہ نمبردار نے تحصیل پریس کلب رجسٹرڈ کے دفتر فیروز پلازہ تحلیجاں میں صحافیوں سے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ خبر لکھتے ہوئے حقائق اور قومی مفاد کو ترجیح دیں آج کل سب سے پہلے خبر شائع کرنے کے رجحان کی وجہ سے بہت بڑا غلط اور حقائق کے منافی خبریں شائع ہو رہی ہیں جس سے قومی اداروں کی ساکھ متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ ان میں موجود افراد کی بھی عزت نفس مجروح ہوتی ہے قلم کی کاٹ تلوار سے زیادہ تیز ہوتی ہے اس لیے اسے ہمیشہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے استعمال کریں نہ کہ ذاتی مفاد اور خواہشات کی تکمیل کے لیے اس کی حرمت کو پامال کریں اجلاس میں شاہد خان صافی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ صحافی کا کام عوام کو شعور اور آگاہی فراہم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اور نئی نئی معلومات فراہم کرنے کے لیے کوشاں رہے معاشرے کی کردار سازی میں صحافت کو بڑی اہمیت حاصل حیاس لیے صحافیوں کو اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنی چاہیے اجلاس میں مدر تحلیجاں پریس کلب رجسٹرڈ ڈاکٹر محمد آصف بٹ نے اجلاس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحلیجاں پریس کلب رجسٹرڈ کے تمام عہدیداران اور ممبران اپنی ساکھ، روایت کو قائم رکھتے ہوئے غیر جانبدارانہ صحافت پر یقین رکھتے ہوئے حقائق مسائل اہلی اکام تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے مجھے اپنے تمام مبران پر فخر ھے اجلاس میں وائس چیئرمین تحلیجاں پریس کلب محمد لطیف گادی سینئر نائب صدر ذاکر عرفان انجم، کوئیز مجلس عاملہ ڈاکٹر محمد شفقت انصاری، محمد غضنفر امین گورایہ خاص سیکرٹری سمیت دیگر عہدیداروں نے بھی اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا

نوشہرہ ورکاں شہر اور گردونواح مجوچک ۔تتلیانی۔ گھمن والا ۔نوکھر۔ کڑیال کلاں ۔بیگ پور سمیت تحصیل بھر میں سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ

نوشہرہ ورکاں شہر اور گردونواح مجوچک ۔تتلیانی۔ گھمن والا ۔نوکھر۔ کڑیال کلاں۔ بیگ پور سمیت تحصیل بھر میں سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کا جن بے قابو ہو چکا ہے تخت سردی میں ہیٹر وغیرہ کی گیس پوری تو درکنار خواتین خانہ کو کھانا پکانے کے لیے بھی گیس کا شعلہ تک بھی دستیاب نہیں اور یہ صاحب حیثیت افراد سیت اکثریت سے لوگوں نے سوئی گیس کی شارچ میں کپر پر لگا کر اپنا حصہ ڈالنا شروع کر رکھا مجتمع سوہے خصوصا سوئی گیس کی لوڈ شیڈنگ عوام کے لیے اذیت کا باعث بن چکی ہیوئی گیس کی قلت سے دفاتر اور اپنے کاروبار کی غرض سے جانے والے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے لکڑی اور کوئلہ کی قیمتیں بھی عوام کی قوت خرید سے باہر ہیں جبکہ ایل پی جی سلنڈر زبھی آسمان پر باتیں کر رہے ہیں۔ مجبور شہریوں کو نابائیں نے بھی دوڈیں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر رکھا ہے روٹی اور نان کی قیمتیں بھی آسمان کو چھو رہی ہیں غریب آدمی کو ضرب ورد گذارنے کے لیے مشکلات ہی مشکلات ہیں شہریوں نے اعلی حکام سے کپر لیر مافیا کے خلاف فوری آپریشن کرنے اور سوئی گیس لوڈ شیڈنگ اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے بحران پر قابو پانے کا پر زور مطالبہ کیا ھے

عمران علی SDO (آپریشن) رحمت ٹان سب ڈویژن فیسکو کے فراڈ متاثرین انصاف کے لیئے دربدر

فیصل آباد(شفاقت علی راجپوت) عمران علی) SDO آپریشن (رحمت ٹان سب ڈویژن فیسکو کے فراڈ متاثرین انصاف کے لیئے دربدر۔ پیک بانک کر دھوکہ دیا وعدہ بنا لیا۔ بائر SDO فیسکو عہدے کے رعب سے تعلقات استوار کرتا ھے بعد دھوکہ و فراڈ سے لوگوں کی جمع پونجیاں لوٹ لیتا ھے۔ سرکاری آفیسر تعلقات کی وجہ سے ظالم SDO قانون کی پہنچ سے دور۔ تعیناتی علاقے میں اختیارات کے ناجائز عہدے کی وجہ سے دھوکہ و فراڈ کرنے ، سرکاری ملازمت کے ساتھ خلاف قانون پرائیویٹ کاروبار کرنے اور بھرمار غفلت کے ارتکاب پر فوری معطلی اور غیر جانبدار انکوائری ناگزیر۔ تفصیلات کے مطابق ماضی قریب میں کمالیہ میں تعیناتی کے دوران SDO عمران علی نے متعدد تاجرے دوستاند بنا یا اور اعتماد بحال ھونے پر کاروباری تعلقات بنا لیئے بعد ازاں لاکھوں روپوں کے چیک دیکر بڑی مقدار میں کھد پکڑا کی خریداری کی۔ اور بدنیتی دھوکی سجی سازش کے تحت تاجرے دھوکہ و فراڈ کرتے ھوئے معاقلہ بنک اکاٹ میں رقم نہ ھونے کے باوجود چیک جاری کیئے جنکا انکشاف چیک ڈس آنر ھونے پر ھوا۔ اور لاکھوں کا قیمتی کپڑا ہڑپ کر گیا۔ اور اپنا تبادلہ فیصل آباد کروالیا۔ متاثرہ تاجر بذریعہ اپنی رقم کی واپسی کے لیئے تھیں کرتا رھا SDO نے اپنے عہدے کا ناجائز استعمال کرتے ھوئے دھوکہ و فراڈ کیا۔ متاثرہ تاجر کے مطابق عمران علی SDO فیسکو نے لیت ولعل سے کام لیتے ھوئے اپنا تبادلہ فیصل آباد کروا لیا اور بعد ازاں انکاری ھوگیا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے لگا۔کمالیہ کے متاثرہ تاجر عرفان سعید نے وفاقی سیکرٹری پانی وبجلی پاکستان ،ڈائریکٹر جنرل محکمہ FIA پنجاب ،ایڈوائزر فیصل آباد وفاقی محتسب پاکستان ،چیف ایگزیکٹو آفیسر محکمہ فیسکو SE ، محکمہ فیسکو سے پرزور مطالبہ کیا ھے کہ دھوکہ فراڈ سے بھتیاری گئی رقم واپس دلوائی جائے اور بدیانت S D O آپریشن (سب ڈویژن رحمت ٹان عمران علی محکمہ فیسکو کو فی الفور معطلی کیا جائے اور عہدے کے ناجائز استعمال کرتے ھوئے دھوکہ و فراڈ کرنے اور سرکاری عہدے کے ساتھ پرائیویٹ کاروبار کرنے پر سخت محکمانہ کاروائی عمل میں لائی جائے چاھیہ سعید نے وفاقی سیکرٹری پانی وبجلی پاکستان ،ڈائریکٹر جنرل محکمہ FIA پنجاب ،ایڈوائزر فیصل آباد وفاقی محتسب پاکستان ،چیف ایگ

کی مسلسل خاموشی تاریخ کا حصہ بن چکی ہے، پوری امت مسلمہ دیکھ رہی ہے اسرائیلی نظام کو روکنے کیلئے بین الاقوامی ثالثی کا کھلم کھلا بائیکاٹ جاری رکھے۔

بقیہ 18

بقیہ جات 10

بقیہ جات 11

بقیہ جات 12

بقیہ جات 13

بقیہ جات 14

بقیہ جات 15

بقیہ جات 16

بقیہ جات 17

بقیہ جات 18

بقیہ جات 19

بقیہ جات 20

بقیہ جات 21

بقیہ جات 22

بقیہ جات 23

بقیہ جات 24

بقیہ جات 25

بقیہ جات 26

بقیہ جات 27

بقیہ جات 28

بقیہ جات 29

بقیہ جات 30

بقیہ جات 31

بقیہ جات 32

بقیہ جات 33

بقیہ جات 34

بقیہ جات 35

بقیہ جات 36

بقیہ جات 37

بقیہ جات 38

بقیہ جات 39

بقیہ جات 40

بقیہ جات 41

بقیہ جات 42

بقیہ جات 43

بقیہ جات 44

بقیہ جات 45

بقیہ جات 46

بقیہ جات 47

بقیہ جات 48

بقیہ جات 49

بقیہ جات 50

بقیہ جات 51

بقیہ جات 52

بقیہ جات 53

بعدالت جناب مصباح العین عائشہ صاحبہ جج فیملی کورٹ لاہور

دعوی تنسیخ نکاح عائشہ بنام عاشق علی عاشق بن ولد شہباز خان وغیرہ ہیں ہونے کا نام ذیابیطس ہے، اس پر قابو نہ پایا جائے تو صحت سے متعلق پیچیدگیاں بڑھ کر بارٹ اٹیک، کڈنی کے ناکارہ ہونے اور آنکھوں کی بینائی جانے سمیت جسم کے اعضا کاٹنے کی نوبت بھی آجاتی ہے۔

بعدالت جناب محمد عدیل گھمن صاحب سول جج ناروال

فصہ بی بی بنام مظفر حسین دعوی ولادیانے خرچہ نان ونفقہ مظفر حسین بنام محمد صادق قوم منگل ساکن صادق بھی ولد علی احمد قوم منگل تحصیل ساہیوال ضلع اوکاڑہ احمد آباد تحصیل و ضلع ناروال آپ کو طلع کیا جاتا ہے کہ آپ 4.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب میڈم صوبیہ شاہنواز فیملی جج سیالکوٹ

فردوس راشد فرزند راشد مقدمہ ذوات اعوان ساکن بھیکو چھور 10.01.2024 کو کتبہ امیانوا لہ بنام محمد الناس وغیرہ درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین۔ حکم کا مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہو سکتی ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ 10-01-2024 بوقت 8 بجے صبح عدالت میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ میں لائی جائے گی اور کوئی بھی عذر قابل قبول ہوگا

بعدالت جناب محمد عدیل گھمن صاحب سول جج ناروال

سلیمانی بنام حافظ شاہد محبوب ولد عبدالوہاب خان مکان نمبر 30 حافظ سلامت پورہ مہندی خان ٹھوکر نیاز بیگ لاہور آپ کو طلع کیا جاتا ہے کہ آپ 15.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب عمران محمد خاں صاحب جج فیملی کورٹ سمندری ضلع فیصل آباد

دعوی تنسیخ نکاح۔ بعنوان: بمیز احمد بنام عوام الناس وغیرہ۔ بمیز احمد ولد محمد رمضان ساکن چک نمبر 171 ٹی ڈی اے تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد بنام عوام الناس۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں کسی کو اعتراض ہو/ہو/نہ ہو 06-01-2024 بوقت 9 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محمد عدیل گھمن صاحب سول جج ناروال

فصہ بی بی بنام مظفر حسین دعوی ولادیانے خرچہ نان ونفقہ مظفر حسین بنام محمد صادق قوم منگل ساکن صادق بھی ولد علی احمد قوم منگل تحصیل ساہیوال ضلع اوکاڑہ احمد آباد تحصیل و ضلع ناروال آپ کو طلع کیا جاتا ہے کہ آپ 4.1.24 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

بعدالت جناب اقراء فاروق صاحبہ جج فیملی کورٹ چتوی ضلع قصور

دعوی تنسیخ نکاح عنوان شاہ بی بی بنام شاہن علی اخبار اشتہار بنام شاہن علی ولد سام کنڈ حال ہتیم واڑ کیلھم 9 تحصیل پتوکی ضلع قصور ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو مقدمہ ہذا طلب کیا گیا ہرگ قبیل آسان طریقہ سے ہوا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 10.01.2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً عدالت آکر مقدمہ کی پیروی جواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب میڈم حبیبہ یونس صاحبہ سول جج درجہ اول قصور

مقدمہ نمبر 14144scj بابت 23-09-28 دعوی استقرار ق عنوان: محمد جہانگیر ولد شوئی محمد ساکن گلی کیھ والی والا کالج (قصور) مدعی(بنام چیف ایگزیکٹو نیسکو وغیرہ اشتہار بنام۔ چیف ایگزیکٹو نیسکو وغیرہ لاہور xen لیسکو واپڈا ٹاؤن ڈویژن قصور RO۔ لیسکو سٹی قصور SDO نیسکو سب ڈویژن سول ایریا قصور) مدعا علیہم ہرگاہ مدعا علیہم کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ براہ بیروی مقدمہ بالا بتاریخ 20-01-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی جواب دہی کرے بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب ارم فاطمہ صاحبہ سول/فیملی جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

